سوال

(50)آخروقت میں نفس خروج دجال معہوداورنزول عیسی علیہ السلام

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آخروقت میں نفس خروج دجال معہوداورنزول عیسی علیہ السلام

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آخروقت میں نفس خروج دجال معہوداورنزول عیسی علیہ السلام ، یہ دونوں چیزیں علی سبیل التواتر منقول ہیں۔ اس لیے یہ دونوں چیزیں عقائد میں دخل ہیں اور کتب عقائد میں مذکور ہیں۔ مگر دجال سے متعلق جزئیات مذکورہ فی اخبار الآحاد متواتر نہیں ہیں اور ان میں کچھ اختلاف بھی ہے۔ دجال سے متعلق تمیم داری والی حدیث جوفاطمہ بنت قیس کے طریق سے مسلم وغیرہ میں مروی ہے۔ اس کی مفصل تشریح کسی کتاب میں میری نظر سے نہیں گزری ہے۔ نہ اس سلسلہ میں کسی متقدم یامتاخر محقق کی تحقیق ہی نظر سے گزری ہے۔ اشراط ساعتہ سے متعلق مروی احادیث جن مستقل کتابوں میں جمع کی گئی ہیں۔ ان میں صرف روایات کے جمع کردینے پر اکتفا کیا گیا ہے۔ تجلی والے نے تمیم داری کی حدیث پر کیا بحث کی ہے؟ یہ مجھے نہیں معلوم ہوسکا۔

عبیداللہ رحمانی(15 3 1391ھ نقوش شیخ رحمانی ص 65)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 1

صفحہ نمبر 145